سوال

(592) عمر کا حق تولید مقدم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید متوفی نے دو اولاد چھوڑیں ایک دختر مسماۃ ہندہ اور ایک فرزند مسمی عمر۔ ان دونوں بچوں کی کفالت ان کی خالہ نے کی ان دونوں بچوں کا ایک بھائی اخیانی ہے مسمی بکر مسماۃ ہندہ کی منگنی اس کے بھائی حقیقی عمر اور اخیانی بھائی بکر کی رضا مندی سے ہوگئی جب ہندہ کا نکاح جس شخص سے منگنی ہوئی تھی ہونے لگا۔ تو اس اخیانی بھائی جو بوقت رضامند تھا۔ حارج ہوا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس کا حقیقی بھائی عمر اس کا نکاح کرا سکتا ہے۔ یا نہیں؟ اور اس کو حق تولیت ہے یا نہیں یا بکر کو حق تولیت حاصل ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عمر کا حق تولیت مقدم ہے۔ کیونکہ وہ ہندہ کا عینی بھائی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 2 ص 556

محدث فتویٰ